
طلسمی عملیات و تعویذات
عظیمی
صوفی عبدالقادر نقشبندی مجددی

طلسمی

عملیات و تعویذات عظیمی

صوفی
عبدالقادر نقشبندی مجددی

عظیم اینڈ سنز پبلشرز
العراج سینٹر 22 اردو بازار لاہور
042-37231806

پرنٹر پریس شیراز نوری

Scanned by CamScanner

جملہ حقوق محفوظ ہیں

حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری
نے رانا عنایت پریس سے چھپوا کر
اُردو بازار لاہور میں شائع کی۔

قیمت -/200 روپے

Scanned by CamScanner

فہرست کتب

طلسم سیارگان	7
ساتوں ستاروں کی نحوست زائل کرنے میں یہ ساتوں طلسم اپنی نظیر آپ ہیں	7
طلسمِ زحل	8
خصوصی ہدایات	8
مسئلہ	12
جواہر خمسہ	13
حروف سے فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ	13
حروف کے ذریعہ علاج جسمانی	13
نقشہ حروف	13
امراض سر خصوصاً پاگل پن	14
امراض دست راست	14
امراض دست چپ	14
امراض پائے چپ	15
امراض پشت	15
امراض شکم	15
امراض پائے راست	15
امراض پائے چپ	16
دوسرا طریقہ علاج	16
حروف کے ذریعہ حصولِ کشف	16
موکل حروف ظاہری و باطنی	17
ہر لفظ کا موکل معلوم کرنے کا طریقہ	19
پہلا طریقہ موکل باطنی کے ساتھ پڑھنے کا یہ ہے	19
دوسرا طریقہ	20
تیسرا طریقہ	20
چوتھا طریقہ	21

Scanned by CamScanner

پانچواں طریقہ	21
سرع یعنی مرگی کا مجرب المجرب نقش اور ایک خاص غلط فہمی کا ازالہ	22
غلط فہمی کا ازالہ	22
دربیان طلسمات	24
طلسمات	24
طلسم چراغ	25
طلسم	25
طلسم اُگنے پودوں کے	28
محبت کا	29
طلسم محبت کا	29
طلسم واسطے عداوت کے	29
نوع دیگر	29
نوع دیگر واسطے خواب بندی ومحبت کے	28
نوع دیگر آگے امراء وملوک وغیرہ کے جاوے	28
نوعدیگر واسطے محبت کے	29
عمل عداوت	29
حصار	29
نوعدیگر تدبیر مہم	30
نوع دیگر واسطے دھار بندی شمشیر کے	30
جدول احکام معرفت اختلاجات اعضار	31
شگون عطسہ بعدازز وال کے معکوس لیوے	32
خواص آواز زاغ	32
خواص آواز مرغ	33
خواص ہالۂ آفتاب و ماہتاب	33
خواص زلزلہ	33
خواص روشن ہونے وگرنے گل چراغ بقید ماہ	34

Scanned by CamScanner

خواص عطسہ	34
خواص خال ہائے جسمی کے بیان میں	35
خواص گرنے چھپکلی کا	35
حاجتوں اور مرادوں کے برآنے کے لیے بہترین اعمال وتعویذات	36
برائے فراخیٔ معاش وترقی روزگار	40
دربیان مناجات اور حصول روشنی دِل	41
دربیان موافقت واُنسیت پیدا کرنے زن وشوہر میں	43
دربیان تاثیرات اسمائے اصحاب کہف	46
دربیان دفع کرنے صرع	47
دیگر درعمل سندونی	49
دربیان بغض وعمل جُدائی	54
دربیان زبان بستن مردم	55
درتسخیر وتالیف قلوب	56
دربیان ہلاکت دشمن ودفع اعداء	57
دربیان احکام سفر	58
دربیان تعمیر خانہ	58
خواص ابجد	59
دربیان دفع کردن سحر وجادُو	60
درمیان شفاء امراض شناخت مرض	63
دربیان شناختن دزد یعنی چور	66
دربیان قرار گرفتن حمل	67
دربیان فوائد متفرقہ	70
دربیان نسخہ ہائے باہ دافع مرض جریان مجرب نسخے	71
بیان اسمائے الٰہی وبرکات وتاثیرات میں نام ہائے پاک کے	74
نقشہ ساعت نامہ شب وروز	76
اب تعویذ ہائے آتشی بادی آبی اور خاکی لکھے جاتے ہیں۔	78
حساب راس نامہ	84

Scanned by CamScanner

بیان در بارہ شناختن طالع آتشی و خاکی و آبی و بادی و نام مہینہ اور تعداد ایام قیام آفتاب در بروج مذکورہ ذیل نقشہ یہ ہے۔	88
در بیان بعض آتشی	100
نقوش بھرنے کے قاعدے	105
دن کی اچھی بُری ساعتوں کے دریافت کرنے کے واسطے جدول سیارگان و ساعت	110
تمیں حروفوں کے موکل کا بیان	117
قاعدہ طالع کے دریافت کرنے کا	126
دائرہ سیاروں کے اخذ کا جو تصدیق وغیرہ میں کام آتے ہیں۔	130
رات اور دن کے ستاروں کی ساعت معلوم کرنے کا بیان	137
ساعات سب ہائے ہفتہ کا بیان	137
بیان سورج کے سایہ سے ناپ کر ساعت معلوم کرنا	139
دائرہ بُروج و مواکیل	140
بروقت عمل مرقومہ ذیل باتوں کا لحاظ عامل کو رکھنا چاہیے	149
شرائط عمل ہائے تسخیر محبت	153
دائرہ اسمائے جمالی مواکیل و عدد	155
اسم الٰہی مع نام مواکیل	157
نوع دیگر اسم جلالی این است	159
در بیان خانہ ستارگان	161
در باین رجال الغیب	161
بیان ہر قسم کی بیات او آسیب کے دفع کرنے کا	162
اس نقش کو فتیلہ کر کے چراغ میں جلائے	175
فالنامہ نادر العصر از حضرت غوث الاعظمؒ	179
فالنامہ علم رمل سے بہت معتبر متقدمین فن رمل کا ترتیب دادہ	183
تفصیل احکامات	184
نقشہائے و عملہائے ضروری	190
صدر و مؤخر سے نقوش وقفی کی تکثیر	191

Scanned by CamScanner

طلسم سیارگان

زمانۂ سکندر ذوالقرنین میں قومِ یاجوج ماجوج آدمیوں کو نہایت ہی تکلیف دیتی تھی۔ ہزار ہا آدمی اس نواح کے وہ قوم کھا گئی۔ آخر عاجز ہو کر وہاں کے باشندوں نے سکندر ذوالقرنین بادشاہ کی خدمت میں عرض کیا کہ یہ قوم ہم کو تکلیف دیتی ہے۔ سکندر نے اپنے لشکر کو جمع کر کے اس قوم پر چڑھائی کی۔ بہت لڑائیاں ہوئیں مگر ہر بار فوجِ سکندر کو شکست ہوئی۔ تب سکندر نے جو حکماٗ اس کے ہمراہ تھے سب کو جمع کر کے کہا کہ کوئی طریقہ دفعِ نحوستِ فلکی کا تیار کرو کہ اس پر فتح ہو۔ حکماء نے بموجب ارشاد بادشاہ کے بالاتفاق یہ سات طلسم ساتوں ستاروں سیاروں کے تیار کیے اور لکھ کر بادشاہ کے بازو پر باندھے، بعدۂ سکندر نے فوج کو آراستہ کر کے اس قوم پر پھر حملہ کیا۔ خداوند کریم نے ان طلسموں کی تاثیر سے فتح دی اور قوم مذکور نے شکست پائی۔

ساتوں ستاروں کی نحوست زائل کرنے میں یہ ساتوں طلسم اپنی نظیر آپ ہیں

مگر ان کے متعلق انوارِ نجوم میں لکھا ہے کہ ہر طلسم جس ستارہ سے منسوب ہے اس کو اسی ستارہ کے شرف میں لکھا جائے۔ مثلاً زحل کا طلسم شرفِ زحل میں مشتری کا طلسم شرفِ مشتری میں۔ مریخ کا طلسم شرفِ مریخ میں، آفتاب کا طلسم، شرفِ آفتاب میں، عطارد کا طلسم شرفِ عطارد میں، زہرہ کا طلسم شرفِ زہرہ میں، قمر کا شرفِ قمر میں۔ یا ان میں ہر ستارہ اپنے گھر میں ہو یا اپنے دوست کے گھر میں ہو لیکن پھر بھی ہر ایک کے بس کی بات نہیں کہ اتنی معلومات ہونے کے ساتھ ہر طلسم کی تیاری میں پھر بھی برسوں لگ جائیں گے۔ حکماء نے جو یہ ساتوں طلسم ذوالقرنین کو لکھ کر دیے تو کیا تمام ستارے اس وقت شرف میں تھے یا اپنے گھر میں تھے یا اپنے دوست کے گھر میں تھے، نہیں اور یقیناً نہیں۔ لہٰذا فقیر نے مناسب جانا کہ ساتوں طلسم سلاطین اربعہ کے وصال یعنی چار رجب شریف کو بلاک بنوا کر اور ساتھ ہی ان طلسموں کے آس پاس دعائے دافع الکروب جامع المطلوب بھی شامل کر کے طبع کرائی جائے تو عام حاجت مندوں کی دنیاوی تمام ہی مشکلات مثلاً لا علاج بیماریوں، قرض، مالی پریشانیاں، مقدمات میں فتح، دشمنوں پر غلبہ، تسخیر حکام، تسخیر خلائق، تسخیر زوجین وغیرہ وغیرہ سب کے لیے اکسیر ثابت ہوگا۔ مگر اس کے لیے ۴ رجب کا انتظار کرنا ہوگا۔ ہاں اگر آپ کاغذ پر لکھ کر کام میں لائیں تو شوق سے فقیر کی طرف سے اجازت ہے۔

Scanned by CamScanner

طلسمِ زحل

صـــــــہ
و — طسد — ح
معکعھع
ہ ۵۱ ۵۱ ۵۱ ہ
ـــــــہ

طلسمِ آفتاب

ھـــــــھ
س کھمھمسـط
معـــــع
طـــــم

طلسمِ مریخ

۵ ۵ ۵
خ ع ا ۵ د ص
س س س

طلسمِ مشتری

مصعـــہ ممـہ
اعلمسطـــہ
ممـہ
مـــہ

طلسمِ قمر

۵ ۵ ۵ ٣ بد
طسطسھ نمالا
ااا ع ۵ س ص م م م

طلسمِ عطارد

ممہ مـہ د
عسر لا ع ص
مسلسنا عکہ

طلسمِ زہرہ

عا ھا لا مـہ لہ
آلا لمس کمض

خصوصی ہدایات

تعویذات سے کماحقہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے چند باتیں پیش نظر رکھیے!

① جن بزرگانِ دین نے خدمتِ خلق کے لیے تعویذات کو استخراج فرمایا، سمندر کو کوزہ میں تبدیل فرما کر ان پڑھ غریب کمزور انسان پر احسانِ عظیم فرمایا ہے کہ کتنی محنت شاقہ کے بعد بڑی بڑی دعاؤں، سورتوں کے اعداد نکال کر تعویذ و نقوش کی شکل میں ترتیب دے کر ۴۰ دن کے چلے، ترک حیوانات وجلالی و جمالی زکوٰۃ وغیرہ سب کچھ اپنی ذات پر برداشت کرنے کے بعد غلامانِ مصطفیٰ ﷺ کو بخش دیا۔ صرف اتنا حکم فرمایا کہ حسب استطاعت تعویذ لکھ کر روزانہ دریا میں ڈال دیں تا کہ موکل تم سے بھی مانوس ہو جائیں۔ اس کے بعد جس کو یہ نقش دیا جائے گا فوراً اثر ظاہر ہوگا۔ غرض تعویذ لکھتے وقت اگر معلوم ہو کہ یہ کس کا استخراج فرمودہ ہے تو ان کی فاتحہ دلائے یا تعویذ لینے والے کو تاکید کر دے کہ فلاں بزرگ یا تمام بزرگانِ دین کی فاتحہ دلا کر پہنیں۔

② تمام بزرگانِ دین اولیائے کرام کی عظمت و بزرگی اور ان کے کشف و کرامات، تصرفات اور ان کے عطیات پر کامل یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ نے محبوبانِ بارگاہ کو عالم میں تصرف کی قدرت عطا

Scanned by CamScanner

فرمائی ہے جس طرح والدین کو اولاد پر شوہر کو بیوی پر، حاکم کو محکوم پر، بادشاہ کو رعایا پر اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ اسی طرح روحانی بادشاہوں کو ہم غلاموں پر اختیارات عطا فرمائے ہیں۔

(۳) تعویذ لکھتے وقت پاک ہونا کہ ناپاکی میں جادو اور سفلی کے عمل کیے جاتے ہیں اور علوی .س ہر نقش بلکہ ہر حرف کے تابع مؤکلین ہیں جو بحالتِ ناپاکی اس کی اطاعت سے بری الذمہ رہتے ہیں۔

(۴) جن نقوش میں آیاتِ قرآنی بھی لکھی جاتی ہیں ان کو بغیر وضو کے نہ لکھے اور جس کو دے پہلے دریافت کر لے کہ وضو ہے کہ نہیں کہ بغیر وضو قرآن یا کسی آیتِ قرآن کو چھونا ناجائز ہے اگر موم جامہ کر لیا گیا ہے تو کوئی حرج نہیں۔

(۵) نقش ترتیب سے لکھا جائے کہ جو چال بزرگانِ دین نے مقرر فرمائی ہیں اس میں بہت سی حکمتیں پوشیدہ ہیں۔

(۶) جن نقوش میں لکھنے کے اوقات درج ہوں۔ ان کو انھی وقتوں میں لکھیں مگر اشد ضرورت کے تحت ان بزرگانِ دین کے کرم و شفقت عفو و درگزر پر نظر رکھتے ہوئے جس وقت چاہیں لکھ سکتے ہیں۔

(۷) نقوش لکھتے وقت جائز ضروریات کو پیش نظر رکھیں۔ مثلاً عورتوں کو شوہر کی زبان بندی اور فرمانبرداری کا تعویذ ہرگز نہ دیں کہ شرعاً مرد عورت پر حاکم ہے۔ (دوم) جو عورت شوہر کے ماں باپ، بہن بھائی میں نااتفاقی چاہے تو اسے بھی تعویذ ہرگز نہ دیں کہ جو مومنین میں نفاق پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اللہ اسے ذلیل و خوار کرتا ہے۔ ہاں مرد اپنی بیوی پر نامہربان ہو، بے جا سختی کرتا ہو اس کو محبت کا نقش دیں جس میں ہادی کا نقش بھی شامل کر دیں۔

۱۰۔ **عاملین کے فرمان کے مطابق ہدایات:** ہر وقت پاک رہے، ہر روز تازہ غسل کرے بہتر ہے کہ ختم عمل تک سونے کے سوا ہر وقت باوضو رہے، ہر روز روزہ رکھے، کسی سے بات نہ کرے جو کچھ کہنا ہو لکھ کر دے۔ بغیر سلا کپڑا پہنے، خوشبو لگائے، تنہائی اختیار کرے، دریا کا پانی پیے۔ غذا میں دال چاول، پھل فروٹ دھو کر کھائے۔ شمار کا خیال رکھے۔

۱۱۔ **ترکِ جمالی:** جسے عاملین جمالی اور ترکِ جلالی کے نام سے منسوب کرتے ہیں۔ گوشت، انڈا، مچھلی، سرکہ، کچی پیاز، لہسن اور جماع سے پرہیز کرنا چاہیے۔

ترکِ جلالی: گوشت، مچھلی، انڈا، شہد، سرکہ، مشک، کسی قسم کا کشتہ، پیاز، لہسن کا سالن، دال، وہ اناج جس میں کھاد دی گئی ہو، ہرگز نہ کھائے۔ کسی دھات کے برتن میں نہ پکائے، نہ کسی دھات کے چمچے سے چلائے۔ لکڑی کی ڈوئی اور مٹی کی ہانڈی، سب برتن کھانے پینے کے مٹی کے ہوں چھری، چاقو، استرا جس پر ہاتھی دانت یا کسی جانور کی ہڈی کا دستہ لگا ہو استعمال نہ کرے۔ چمڑے کے جوتے، ٹوپی اور گھڑی کا تسمہ جس میں چمڑا ہو نہ پہنے، جماع نہ کرے، بال اور ناخن نہ کاٹے۔

Scanned by CamScanner

دوسرے کے بستر پر نہ سوئے اور نہ اپنے بستر پر کسی کو سونے دے۔ گھی، تل اور سرسوں کا تیل استعمال نہ کرے۔ اگر خون نکلنے کا خوف ہو تو دانتوں میں خلال نہ کرے۔

۱۲۔ اہل نجوم کی رائے: تعویذ و عملیات تاثیر پیدا کرنے کے لیے جن ساعتوں اور تاریخوں میں کون سا عمل کرنا چاہیے۔

ساعتِ مشتری: میں کشائش رزق، ترقی مدارج و تسخیر و محبت، غائب کو حاضر لانے، رفع بیماریاں، ترقی علم وغیرہ کے تعویذ و عملیات کرنا زود اثر ثابت ہوتے ہیں۔ مشتری اہل علم حضرات سے منسوب ہے۔

ساعت زہرہ: میں زبان بندی، خواب بندی وغیرہ کے تعویذات و عملیات کرنا مفید ہوتے ہیں۔ زہرہ عورتوں سے منسوب ہے۔

ساعت عطارد: میں محبت، خواب بندی، زبان بندی، تیغ بندی کے تعویذات و عملیات سریع الاثر ثابت ہوتے ہیں۔ یہ عطارد اہل دیوان وکیلوں و محرروں سے منسوب ہے۔

ساعت شمس: میں تسخیر سلاطین اور بادشاہان اور صحت و امراض کے تعویذات و عملیات بہتر ثابت ہوتے ہیں۔ شمس حکام بالا، سلطان و بادشاہ سے منسوب ہے۔

ساعت قمر: میں محبت واخلاص و شفائے امراض کے لیے تعویذ و عملیات بہتر و مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

ساعت زحل: میں ہلاکی دشمنان عداوت اور دشمن کے گھر و کاروبار کو برباد کرنے کے تعویذات و عملیات تیر بہدف ثابت ہیں۔ زحل دہقانوں اور مشائخ حضرات سے منسوب ہے۔

ساعت مریخ: میں عداوت و تفریق، مقہوری اعداء، جنگ و مقدمات میں مقابل کی شکست و ہلاکت کے تعویذ و عملیات میں کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔ مریخ فوج و اسلحہ جنگ سے منسوب ہے۔

۱۳۔ اوقات کی تقسیم: وقت صبح، محبت، تسخیر، ترقی روزگار و کشائش رزق وغیرہ کے لیے زود اثر ہے۔

وقتِ نیم چاشت: صحت از بیماری کے لیے زود اثر ہے۔

وقت ظہر: عداوت، بغض، ہلاکت، زبان بندی وغیرہ کے لیے زود اثر ہے۔

وقت عشاء: خواب بندی، استخارہ، ترقی مراتب وغیرہ کے لیے زود اثر ہے۔

۱۴۔ زوال و شرفِ سیارگاں: مشتری، زہرہ، عطارد، شمس، قمر کے شرف میں تسخیر و محبت، کشائش رزق کے تعویذ و عملیات۔ شمس و قمر کے شرف میں شفائے امراض۔ زوال زہرہ، عطارد میں خواب بندی وغیرہ شرف زحل و مریخ میں فتح و ظفر و جنگ و مقدمات میں کامیابی وغیرہ۔ ہبوط قمر و زحل میں بغض و عداوت، تفریق و مقہوری اعداء (دشمن) ہلاکت وغیرہ۔ خانہ شرف کی جانب رجعت میں واپسی، مفرور، قاتل، زانی، چور اور قیدی کی واپسی کے لیے۔

۱۵۔ تاریخ کا لحاظ: محققین کے نزدیک مندرجہ ذیل تاریخوں میں جو کام بھی شروع کیا جائے مجمع

Scanned by CamScanner

نہ ہوگا۔ ۱۱، ۱۴ محرم۔ ۱، ۳ صفر، ۱۰، ۲۰ ربیع الاول۔ ۱، ۸ ربیع الآخر۔ ۲، ۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۳، ۱۵ رجب۔ ۲، ۴ شعبان۔ ۹، ۲۰ رمضان۔ ۷، ۶ شوال۔ ۲، ۵ ذیقعدہ۔ ۲، ۷ ذی الحجہ۔ اہل نجوم کے نزدیک غرض مند کے طالع یعنی برج کے مطابق یہ تاریخیں نحس ثابت ہوتی ہیں۔

برج حمل کے واسطے ۲_۶_۱۱_۲۰_۲۹	برج ثور کے واسطے ۴_۹_۲۴_۲۵_۲۸
برج جوزا کے واسطے ۴_۱۳_۱۷_۲۸_۳۰	برج سرطان کے واسطے ۲_۸_۱۳_۱۸_۲۸
برج اسد کے واسطے ۶_۱۲_۱۶_۲۱_۲۵	برج سنبلہ کے واسطے ۶_۱۲_۱۷
برج میزان کے واسطے ۲۲_۲۳_۲۸	برج عقرب کے واسطے ۴_۹_۱۳_۲۵_۲۴_۲۸
برج قوس کے واسطے ۳_۴_۹	برج جدی کے واسطے ۱۷_۲۲_۲۴_۲۵
برج دلو کے واسطے ۲_۱۲_۱۷_۲۳	برج حوت کے واسطے ۳_۱۴_۲۹

۱۶۔ اپنا طالع یعنی برج معلوم کرنے کا طریقہ

اہل اسلام میں وقت پیدائش ستارے کی ساعت وغیرہ دیکھ کر نام رکھنے کا رواج نہیں ایسے حضرات کو اپنا طالع معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد نکال کر ۱۲ سے تقسیم کریں، جو باقی بچیں برجِ حمل سے اتنے ہی خانے گنتے چلے جائیں، جہاں عدد ختم ہو وہی اس کا برج ہوا۔ مثلاً کسی کا نام نثار احمد ہے اور ماں کا نام حمیدن ہے۔ دونوں کے اعداد کا مجموعہ ہوا ۹۱۶، بارہ پر تقسیم کیا تو ۴ بچے۔ معلوم ہوا کہ نثار احمد کا طالع سرطان ہے۔ گویا ۱ بچے تو حمل، ۲ بچے تو ثور، ۳ بچے جوزا، ۴ بچے تو سرطان علیٰ ہذا القیاس اور پورا تقسیم ہو جائے تو حوت۔

۱۷۔ نقشہ بارہ بروج مع عربی و ہندی

نام برج عربی	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
نام برج ہندی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کنبھ	مین

۱۸۔ فیضان الحروف

تمام اوراد و وظائف سے قبل مفرد حروف کے فیضان و اثرات کا ذکر کرنا اشد ضروری ہے کہ عام طور پر دنیا اس سے بے خبر ہے کہ مفرد حروف بھی کچھ اثرات اپنے اندر رکھتے ہیں عوام کے خیال میں تو

Scanned by CamScanner

حروف مرکب ہو کر جب کوئی لفظ با معنی بنتا ہے تو اس کے فوائد مرتب ہوتے ہیں اگر وہ لفظ اچھے معنی پر مبنی ہو تو اچھا اثر اور برے معنی پر مبنی ہو تو برا اثر مرتب ہوتا ہے۔ انفرادی طور پر ان حروف کی کوئی حیثیت عوام کی نظر میں نہیں مگر حقیقت کچھ اور ہے۔

مفرد حروف کی حقیقت: اس سلسلے میں اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ عربی حروف جن شکلوں میں آج ہمارے سامنے ہیں اور جو آواز پیدا ہوتی ہے وہ خالقِ کائنات کی طرف سے ایک مبارک تحفہ ہے کہ آدم علیہ السلام کے قلب پر القا فرما دیا گیا تھا۔ آپ کی اولاد میں جن کو آپ کی صحبت و قربت جتنی رہی وہ اسی قدر حروفِ تہجی اور ان کے مخارج اور ان کی آواز اور ان کی تراکیب لفظی و معنوی حقیقتوں سے واقف ہوئے اور جن کو آپ کی صحبت جتنی مختصر حاصل ہوئی وہ اتنا ہی ان حروف کی حقیقت سے بیگانہ رہا۔ ا... حسب ضرورت اپنے مافی الضمیر کی افہام و تفہیم کے لیے آوازیں نکالتے اور نقطوں، لکیروں کے ذریعہ ایک دوسرے سے بات کرتے۔ یہاں تک کہ دنیا میں مختلف (زبانیں) حروف کی شکلیں اور آوازیں وجود میں آ گئیں۔ سیدنا آدم علیہ السلام کی اولاد کی مدت حمل صرف آٹھ یا نو گھنٹے ہوتی تھی۔ البتہ حضرت شیث علیہ السلام کی مدت حمل ۸ یا ۹ ماہ ہے۔ اس لیے کسب فطرۃ کا موقع آپ کو زیادہ ملا اور صحبت بھی آپ ہی کو زیادہ ملی۔ اسی فطرت کا اثر ہے کہ حروف اصلی شکلِ ملکوتی میں آج ہمارے سامنے ہیں۔

مسئلہ: اسی لیے حکم شریعت ہے کہ ان حروفِ عربی کا احترام کیا جائے۔ ان حروف کو مفرد یا مرکب زمین پر لکھنا جہاں لوگوں کے قدم پڑتے ہوں جائز نہیں اور جس کاغذ پر یہ حروف لکھے ہوں یا چھپے ہوں اس کاغذ کا پھینکنا جائز نہیں بلکہ ان کو اٹھا کر کسی حفاظت والی جگہ پر رکھ دینا ثواب ہے۔ اردو کے الفاظ ... عربی کے ہمشکل ہیں اور حروف کی آواز بھی ان کے مثل ہے اس لیے ان کا احترام بھی اسی طرح کرنا چاہیے۔

۱۹۔ اللہ کا ولی: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ زمین پر کتاب اللہ (یا اس کا جز) گرے تو اس کی حفاظت کے لیے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیج دیتا ہے۔ وہ فرشتے اپنے پروں پر اس کی نگرانی کرتے ہیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی ولی اسے اٹھا لیتا ہے اور جو زمین سے کوئی پرزہ اٹھا لے جس پر اللہ کے ناموں میں سے کوئی نام ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے نام کو علیین میں بلند کرے گا اور اس کے ماں باپ کے عذاب میں کمی کرے گا۔ اگرچہ وہ کافر مرے ہوں۔ (رواہ الصغیر طبرانی)

۲۰۔ عربی اردو حروف: عربی میں کل حروف ۲۸ ہیں اور اردو میں یہ حروف زائد ہیں پ۔ ٹ۔ چ۔ ڈ۔ ڑ۔ ژ۔ گ۔ اسی لیے اہل معرفت نے ان زائدہ شدہ حروف کی اعدادی قیمت لگائی ہی نہیں مگر اس لیے کہ یہ حروف ملکوتی کے مشابہ ہیں، ان کو انھی کے تابع قرار دیا۔

پ۔ ب کے مشابہ ہے کہ اس کے عدد ۲ ہیں۔ ٹ۔ ت کے مشابہ ہے اس کے اعداد بھی ۴۰۰ ہیں۔ چ ج کے مشابہ ہے کہ اس کے عدد بھی ۳ ہیں۔ ڈ۔ د کے مشابہ ہے اس کے ۴ اور ڑ۔ ر کے مشابہ ہے۔

Scanned by CamScanner

اس کے ۲۰۰ ژ۔ ز کے مشابہ ہے اس کے ۷ گ۔ ک کے مشابہ ہے، اس کے ۲۰۔

۲۱۔ جواہر خمسہ

استاد العالمین حضرت محمد غوث صاحب گوالیاری رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ یہ اٹھائیس حروف اصل میں اٹھائیس نام اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ہیں۔ ہر حروف کا ایک موکل روحانی ہے جو اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ اصل حروف بسیط ہیں جس وقت حروفِ مذکور کی دعوت ادا کی موکلاتِ حروف ادا ہو گئے اور روحانیت ان کی مکاشفہ ومشاہدہ میں آئی۔ ان سے اٹھائیس اسماء الٰہی دریافت ہوئے اور ان اٹھائیس اسماء الٰہی سے منازلِ قمر (جن کو ہندی میں پچھتر کہتے ہیں) دریافت ہوئیں۔

۲۲۔ حروف سے فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ

ان اٹھائیس حروف کا عمل کشفِ باطن اور حصولِ مقاصد کا ذریعہ ہے اگر تمام حروف کے صفات پر جدا جدا روشنی ڈالی جائے تو اسی پر ایک ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے۔ مگر یہاں تو ان کا ذکر صرف اس لیے کیا جارہا ہے کہ جب ان مفرد حروف میں یہ تاثیرات پنہاں ہیں تو ان حروف سے مرکب الفاظ اور بامعنی جملے جو آیاتِ قرآنی اور اسمائے ربانی پر مشتمل ہیں اگر ان کو خزانہ قدرت کی کنجی کہا جائے تو بے جانہ ہوگا۔ ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

۲۳۔ حروف کے ذریعہ علاج جسمانی

یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔ آپ بھی فائدہ حاصل کریں اور دوسروں کو بھی فائدہ حاصل کرنے میں امداد پہنچائیں اور اس احقر العباد (اقبال احمد نوری) کے لیے دعا کریں۔

جسم انسانی چار عنصر سے مرکب ہے۔ آب وخاک، باد وآتش۔ اور یہ اٹھائیس حروف ان چار عناصر پر حکمران ہیں۔ گویا تمام جسم ان اٹھائیس حروف کے تابع ہے۔

۲۴۔ نقشہ حروف

سیارگان	آتشی	بادی	آبی	خاکی	تفصیل
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے۔
مشتری	ہ	و	ز	ح	ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے۔
مریخ	ط	ی	ک	ل	ان چاروں حروف کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے۔

Scanned by CamScanner

شمس	م	ن	س	ع	ان چاروں حروف کی حکمرانی پشت پر ہے۔
زہرہ	ف	ص	ق	ر	ان چاروں حروف کی حکمرانی شکم پر ہے۔
عطارد	ش	ت	ث	خ	ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنی ران پر ہے۔
قمر	ذ	ض	ظ	غ	ان چاروں حروف کی حکمرانی بائیں ران پر ہے۔
تفصیل	صفرا آگ	خون ہوا	بلغم پانی	سودا مٹی	

۱/۲۵۔ امراض سر خصوصاً پاگل پن

سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کے لیے مثلاً بالوں کا گرنا، بال خورا، گنج، کمزوری دماغ، بھولنا، کمزوری حافظہ، دردِ سر، درد کان و دانت امراض چشم، آواز کا بند ہونا، حلق میں درد ہونا، کل امراض سر کے لیے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر میں باندھنے کو دیں۔ دماغی امراض خصوصاً پاگل پن کے لیے ہر روز یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

د	ج	ب	ا
ا	ب	ج	د
ج	د	ا	ب
ب	ا	د	ج

اجب یا جبرائیل بحق باء — اجب یا دردائیل بحق دال

۲/۲۶۔ امراض دست راست:

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے شانے تک کسی قسم کا درد تکلیف داہنے طرف کا فالج وغیرہ کے لیے ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یادرزیائیل بحق ها

ح	ز	و	ہ
ہ	و	ز	ح
ز	ح	ہ	و
و	ہ	ح	ز

اجب یا رقمائیل بحق واؤ — اجب یا تنکفیل بحق حا

۳/۲۷۔ امراض دست چپ:

نصف شانے سینے سے الٹے ہاتھ کی انگلی تک کے ہر ہر مرض ہر ہر تکلیف بائیں طرف کے

فالج، شانے کا درد، جوڑوں کے درد۔ دل کے امراض گھبراہٹ (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام بیماریوں میں مریخ کی ساعت میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسماعیل بحق طا

ل	ک	ی	ط
ط	ی	ک	ل
ک	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ک

اجب یا طاطائیل بحق لام — اجب یا سرکیطائیل بحق یا

۴/ امراض پشت

درد کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، دق اور سل، رقتِ منی، احتلام وغیرہ امراض میں ساعت شمس میں لکھ کر پشت پر کمر میں باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر رکھ کر پلائیں۔

اجب یا روپائیل بحق میم

ع	س	ن	م
م	ن	س	ع
س	ع	م	ن
ن	م	ع	س

اجب یا لوماثیل بحق عین — اجب یا حولائیل بحق نون

۵/ ۲۹۔ امراض شکم

درد شکم ناف کا ٹلنا، آنتوں کی دق، گردے مثانے کی تمام تکلیفات میں نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر بندھوائیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا سرحمائیل بحق فا

ر	ق	ص	ف
ف	ص	ق	ر
ق	ر	ف	ص
ص	ف	ر	ق

اجب یا امواکیل بحق را — اجب یا ھمجمائیل بحق صاد

۶/ ۳۰۔ امراض پائے راست:

داہنی ران سے پاؤں تک انگلی میں ہر قسم کی تکلیف، عرق النساء، رانگن کے درد وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران پر بندھوائیں اور یہی نقش لکھ کر دھو کر پلائیں۔ انشاءاللہ فوراً آرام آجائے۔

اجب یا ھمرائیل بحق شین

خ	ث	ت	ش
ش	ت	ث	خ
ث	خ	ش	ت
ت	ش	خ	ث

اجب یا مهکائیل بحق خا — اجب یا عزرائیل بحق تا

Scanned by CamScanner

۳۱/۷۔ امراض پائے چپ

بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف بائیں پاؤں میں رانگن کا درد وغیرہ میں ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران میں باندھنے کو دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسرائیل بحق ذال

غ	ظ	ض	ذ
ذ	ض	ظ	غ
ظ	غ	ذ	ض
ض	ذ	غ	ظ

اجب یا عزرائیل بحق غین

اجب یا جبرائیل بحق ظا

بحق یا میکائیل بحق ضاد

۳۲۔ دوسرا طریقہ علاج

حروف آتشی: الف۔ ھا۔ طا۔ میم۔ فا۔ شین۔ ذال۔ یا نار کونی برداً و سلاماً

حروف آبی: جیم۔ زا۔ کاف۔ سین۔ قاف۔ ثا۔ ظا۔ سلامٌ علٰی نوحٍ فی العٰلمین۔

حروف بادی: با۔ واؤ۔ یا۔ نون۔ صاد۔ تا۔ ضاد۔ سلامٌ قولاً من ربّ رحیم۔

حروف خاکی: دال۔ حا۔ لام۔ عین۔ را۔ خا۔ غین۔ سلامٌ علٰی موسٰی و ھارون۔

یہ حروف حکیم کے مشورے سے دینا زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ وہ علاج بالضد کرتے ہیں کہ سردی اور تری میں گرم اور خشک دوائیں استعمال کراتے ہیں اور گرمی و خشکی میں سرد و تر۔ اسی مناسبت کو پیش نظر رکھ کر حروف سے فائدہ اٹھایا جائے ورنہ آپ کے لیے آسان تدبیر یہی ہے کہ بالمثل ہی علاج کریں یعنی بخار اور گرمی کی وجہ سے تکلیف ہو تو حروف آتشی دیں کہ آخر میں جو عبارت زیادہ کی گئی ہے وہ گرمی اور صفرا کو بڑھائے گی نہیں بلکہ سلامتی کے ساتھ اعتدال پر لے آئے گی۔

۳۳۔ حروف کے ذریعہ حصولِ کشف

ان مفرد حروف سے بیک وقت کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں اور ان سے فوائد حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں جب ہم غور کرتے ہیں تو ہر حرف دو حیثیتوں سے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ پہلی حیثیت مکتوبی دوسری لفظی۔ مکتوبی، ابجد اور ملفوظی یہ، الف، با، جیم، دال۔ ہر حرف کے دو مؤکل ہیں۔ ایک ظاہری دوسرا باطنی۔ مؤکل ظاہری کو صفاتی بھی کہہ سکتے ہیں اور مؤکل باطنی کو ذاتی۔ مکتوبی (ا) کا مؤکل باطنی اسرافیل اور مؤکل ظاہری آئیل ہے اور باعتبار ملفوظی ''الف'' کے مؤکل چھ ہوں گے ''ا'' کے دو ''لام'' کے دو ''ف'' کے دو۔ ہر ایک کا نام کئی کئی حروف سے مرکب ہوتا ہے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے اس میں ۹ حروف مکتوبی ہیں۔ اس میں سے مکرر حروف الگ

Scanned by CamScanner

کیے تو بچے ا۔ق۔ب، ل، ح، م، و۔ تخلیص شدہ کل سات حروف ہیں۔ ان کے مؤکل ہوئے۔ ۱۴۔ اور اگر اپنے نام کو ملفوظی کیا تو یوں ہوا۔ الف، قاف، با، الف، لام، الف، حا، میم، دال، کل مجموعہ ہوا، ۲۵ اور مکرر حروف گرائے تو کتنے رہے۔ ا، ل، ف، ق، ب، م، ح، ی، د۔ کل حروف جن کے مؤکل ظاہری و باطنی ۱۸ ہوئے۔

اور صاحب جواہر خمسہ نے دعوتِ حروف کے تین طریقے درج فرمائے ہیں۔ اول باعتبار مرکز اور مدار حاصل کرے اور باعتبار اسمائے الٰہی استخراج کر کے ملا کر دعوت دے یہ سب سے قوی تر ہے مگر یہاں تو صرف مفرد حروف کے فوائد سے متاثر ہو کر اہل اسلام کو اسمائے باری تعالیٰ اور آیاتِ قرآنی و اعمالِ احادیث کا شوق دلانا ہے اور اعتقاد کی پختگی پیدا کر کے ان بیش بہا خزانوں سے مالا مال کرنا ہے۔ اس لیے آسان طریقے پر فائدہ حاصل کرنے کا ذریعہ بتا دینا چاہتا ہوں۔ اعدادِ ملفوظی اس طرح نکلتے ہیں مثلاً ا ہے۔ اس کے ہجے میں تین حرف ہیں۔ ا، ل، ف۔ الف کا ایک، لام کے تیس، ف کے اسی۔ کل ۱۱۱۔

مؤکل حروف ظاہری و باطنی

مفرد حروف ابجد	اعداد حروف کسری ابجدی	اعداد حروف ملفوظی	اسمائے مؤکل ظاہری	اعداد حروف کسری ابجدی	اعداد حروف ملفوظی	اسمائے مؤکل باطنی	اعداد حروف کسری ابجدی	اعداد حروف ملفوظی
ا	۱	۱۱۱	آئیل	۴۲	۲۴۶	اسرافین	۳۸۲	۷۰۶
ب	۲	۳	بائیل	۴۴	۲۴۹	جبرائیل	۲۴۷	۴۰۰
ج	۳	۵۳	جائیل	۴۵	۲۹۹	کلکائیل	۱۱۲	۴۶۶
د	۴	۳۵	دائیل	۴۶	۲۸۱	دردائیل	۲۵۰	۴۶۴
ہ	۵	۶	ہائیل	۴۷	۲۵۲	دوردائیل	۲۶۲	۴۵۳
و	۶	۱۳	وائیل	۴۸	۲۵۹	رفتمائیل	۷۶۲	۱۰۶۶
ز	۷	۸	زائیل	۴۹	۲۵۴	شرفائیل	۶۱۲	۸۲۵
ح	۸	۹	حائیل	۵۰	۲۵۴	تنکفیل	۵۹۰	۷۷۱

Scanned by CamScanner

ط	۹	۱۰	طائیل	۵۱	۲۵۶	اسمائیل	۱۴۳	۵۱۴
ی	۱۰	۱۱	یائیل	۵۲	۲۶۷	سراکیتائیل	۷۲۳	۱۰۳۷
ک	۲۰	۱۰۱	کائیل	۶۲	۳۴۷	حروزائیل	۷۶۳	۵۱۰
ل	۳۰	۷۱	لائیل	۷۲	۳۱۷	طاطائیل	۶۱	۳۲۴
م	۴۰	۶۰	مائیل	۸۲	۳۳۶	رویائیل	۲۵۲	۴۱۸
ن	۵۰	۱۰۶	نائیل	۹۲	۳۵۲	حولائیل	۸۶	۲۸۶
س	۶۰	۱۲۰	سائیل	۱۰۲	۳۶۶	ھمواکیل	۱۱۲	۳۰۳
ع	۷۰	۱۳۰	عائیل	۱۱۲	۳۷۹	لومائیل	۹۸	۳۶۷
ف	۸۰	۸۱	فائیل	۱۲۲	۳۲۷	سرحماکیل	۳۶۹	۶۱۲
ص	۹۰	۹۵	صائیل	۱۳۲	۳۴۱	اھجمائیل	۶۰	۴۰۲
ق	۱۰۰	۱۸۱	قائیل	۱۴۲	۴۲۷	عطرائیل	۳۲۱	۳۷۴
ر	۲۰۰	۲۰۱	رائیل	۲۴۲	۴۴۷	امواکیل	۱۰۸	۵۰۸
ش	۳۰۰	۳۶۰	شائیل	۳۴۲	۶۰۶	ھمزائیل	۹۴	۴۹۰
ت	۴۰۰	۴۰۱	تائیل	۴۴۲	۶۴۷	عزرائیل	۳۱۹	۵۳۲
ث	۵۰۰	۵۰۱	ثائیل	۵۴۲	۴۷۴	میکائیل	۱۱۲	۳۹۵
خ	۶۰۰	۶۰۱	خائیل	۶۴۲	۸۴۷	مھکائیل	۱۰۷	۳۹۰
ذ	۷۰۰	۷۳۱	ذائیل	۷۴۲	۷۷۷	اھرائیل	۲۲۸	۵۱۱
ض	۸۰۰	۸۰۵	ضائیل	۸۴۲	۱۰۵۱	عط کائیل	۱۴۱	۴۳۴
ظ	۹۰۰	۹۰۱	ظائیل	۹۴۲	۱۱۴۷	لوزائیل	۸۵	۲۸۵
غ	۱۰۰۰	۱۰۶۰	غائیل	۱۰۱۲	۱۳۰۶	لوثائیل	۱۵۸	۳۵۸

مؤکل ظاہری جو حرف سے ظاہری نسبت رکھتا ہے۔ مثلاً الف سے آئیل ب سے یا بائیل جو نقشے میں حرف کے سامنے درج ہے اور مؤکل باطنی جو نقشے میں ہر حرف کے سامنے درج ہے۔

۳۵۔ ہر لفظ کا مؤکل معلوم کرنے کا طریقہ:

ہر شخص اپنے نام کے پہلے حرف کو مرکز تسلیم کرے اور آخر حرف کو محیط۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے تو میرے اسم کا مرکز الف اور محیط دال قرار پائے گا۔ اقبال احمد کا مؤکل استخراج کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس حرف یا لفظ یا جملے کا مؤکل مدار حاصل کرنا چاہے تو اس کو ملفوظی لکھ کر عدد نکالے۔ مثلاً (ا) اس کو ملفوظی کیا تو الف ہوا۔ اقبال احمد کو کیا تو ہوا۔

ا	ق	ب	ا	ل	ا	ح	م	د
الف	قاف	با	الف	لام	الف	حا	میم	دال
۱۱۱	۱۸۱	۳	۱۱۱	۷۱	۱۱۱	۹	۱۹۰	۳۵

اب ان کے اعداد نکالے ان سب کو جوڑا تو مجموعہ ہوا ۷۲۲۔ اب کل حروف کی تعداد ۲۸ ہے۔ اس لیے ۲۸ سے تقسیم کرے باقی بچے ۶ بحساب ابجد چھٹا حرف واؤ ہے۔ اقبال احمد کا مؤکل باعتبار مدار ظاہری وائیل مؤکل اور مدار باطنی رفتمائیل۔ اسی طرح حرف (ا) کو ملفوظی کیا تو الف ہوا عدد اس کے ۱۱۱ ہیں۔ ۲۸ سے تقسیم کیا تو ۲۷ بچے گویا الف کا مدار ستائیسواں حرف ظا ہے اور ب کا ملفوظی با اور با کے اعداد تین ہیں، اس کا مؤکل ''مدار اس کا مؤکل'' مدارج کے ملفوظی اعداد ۲۸ ہوں یا ۲۸ سے تقسیم کرنے پر کچھ نہ بچے جب بھی اس کا مدار اٹھائیسواں حرف غ ہوگا اور اس کا مؤکل ظاہری غائیل اور باطنی لوخائیل ہوگا۔

پہلا طریقہ مؤکل باطنی کے ساتھ پڑھنے کا یہ ہے

اجب یا اسرافیل بحق الف
اجب یا جبرائیل بحق با
اجب یا کلکائیل بحق جیم
اجب یا دردائیل بحق دال
اجب یا دوریائیل بحق ھا
اجب یا زفتمائیل بحق واؤ
اجب یا شرفائیل بحق زا
اجب یا تنکفیل بحق حا
اجب یا اسمائیل بحق طا
اجب یا سراکیطائیل بحق یا

اجب یا ہروزائیل بحق کاف
اجب یا طاطائیل بحق لام
اجب یا رویائیل بحق میم
اجب یا حولائیل بحق نون
اجب یا ہمواکیل بحق سین
اجب یا لومائیل بحق عین
اجب یا سرحمائیل بحق فا
اجب یا اہجمائیل بحق صاد
اجب یا عطرائیل بحق قاف
اجب یا امواکیل بحق را

Scanned by CamScanner

اجب یا همرائیل بحق شین	اجب یا اهرائیل بحق ذال
اجب یا عزرائیل بحق تا	اجب یا عطکائیل بحق ضاد
اجب یا میکائیل بحق ثا	اجب یا لوزائیل بحق ظا
اجب یا مهکائیل بحق خا	اجب یا لوخائیل بحق غین

۳۷۔ دوسرا طریقہ

مؤکل ظاہری و باطنی دونوں کے ساتھ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔

اجب یا اسرافیل بحق یا آیائیل اجب یا جبرائیل بحق یا بائیل

اسی طرح تمام حروف کو ہر دو مؤکل کے ساتھ پڑھیں۔ آخر میں اسم مؤکل اضافہ حرفِ ندا "یا" کے ساتھ ہوگا اور حرفِ ندا "یا" کو چھوڑ کر اسم مؤکل کے مکتوبی حروف جوڑ کر پڑھیں مثلاً یا، آئیل یا بائیل حرف ندا کو بغیر شمار کیے "آئیل" میں چار حروف مکتوبی ہیں اور بائیل میں ۵ حرف مکتوبی ہیں جوڑ کر پڑھا جائے گا۔

۳۸۔ تیسرا طریقہ

ہر حرف کا ایک مؤکل ظاہری ہوتا ہے اس کا اثر نظر آنے والی تمام اشیاء پر مرتب ہوتا ہے۔ دوسرا مؤکل باطنی جس کا اثر تمام ان اشیاء پر مرتب ہوتا ہے جو نظر سے پوشیدہ ہوں یا عالمِ روحانیت سے جن کا تعلق ہو۔ ہر دو مؤکل ظاہری و باطنی کو ملا کر پڑھنے سے ہر دو فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف یاآئیل	اجب یا جروزائیل بحق کاف یاکائیل
اجب یاجبرائیل بحق بایا بائیل	اجب یاطاطائیل بحق لام یا لائیل
اجب یاکلکائیل بحق جیم یاجائیل	اجب یارؤیائیل بحق میم یامائیل
اجب یادردائیل بحق دال یا دائیل	اجب یاحولائیل بحق نون یانائیل
اجب یادوریائیل بحق هایاهائیل	اجب یاهمواکیل بحق سین یاسائیل
اجب یارفتمائیل بحق واؤ یاوائیل	اجب یالومائیل بحق عین یاعائیل
اجب یاشرفائیل بحق زا یازائیل	اجب یا سرحمائیل بحق فایافائیل
اجب یاتنکفیل بحق حایاحائیل	اجب یااهجمائیل بحق ص یاصائیل
اجب یااسمائیل بحق طایا طائیل	اجب یاعطرائیل بحق قاف یاقائیل
اجب یابسراکیطائیل بحق یا یائیل	اجب یاامواکیل بحق را یا رائیل

Scanned by CamScanner

اجب یا همرائیل بحق شین یا شائیل | اجب یا اهرائیل بحق ذال یا ذائیل

اجب یاعزرائیل بحق تایاتائیل | اجب یاغطکائیل بحق ضاد یا ضائیل

اجب یا میکائیل بحق ثایا ثائیل | اجب یالوزائیل بحق ظایا ظائیل

اجب یامهکائیل بحق خایاخائیل | اجب یالوخائیل بحق غین یاغائیل

۳۹۔ چوتھا طریقہ

باعتبار بنیاں اسمائے مؤکل کو حروف کی مناسبت سے اسمائے باری تعالیٰ کے ساتھ پڑھنے کا ہے اس طریقہ پر عمل کرنے سے مؤکل عامل سے جلد مانوس ہو جاتا ہے اور عامل نقصان سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ انسان کا ازلی دشمن ابلیس اور اس کا رفیق نفس بہ شکل دوست ہر وقت ساتھ لگے رہتے ہیں۔ جب انسان ان کی دوستی پر اعتبار کر لیتا ہے تو گناہ کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ مؤکل جو عالم روحانیت سے تعلق رکھتے ہیں وہ ایسے انسان سے مانوس نہیں ہوتے مگر اسم باری تعالیٰ کے سبب جلد مانوس ہو جاتے ہیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف یا اللہ | اجب یا اسرافیل بحق الف یا احد

اجب یا اسرافیل بحق الف یا اول | اجب یا اسرافیل بحق الف یااکبر

اسی طرح کوئی بھی اسم باری تعالیٰ جو الف سے شروع ہوتا ہو ملا کر پڑھیں اگر عامل کا کوئی دنیاوی یا دینی مقصد بھی ہو تو کوئی ایک یا دو تین اسمائے الٰہی منتخب کر کے ایک ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔

صاحب جواہر خمسہ تحریر فرماتے ہیں:۔

جب یہ چاہے کہ دعوت حروف تہجی باعتبار بنیان ادا کرے تو ان حرفوں سے اسمائے حسنیٰ نکالے لیکن ایک یا تین یا پانچ سے زیادہ نہ ہوں۔ اس عمل کو کس تعداد کے مطابق پڑھا جائے یہ بھی عامل کی مرضی پر موقوف ہے چاہے اسم کو اسم مؤکل کے اعداد کے مطابق یا اسم باری تعالیٰ کے اعداد کے مطابق پڑھا جائے تو اسم باری تعالیٰ کی برکت سے مؤکل جلد مانوس ہوگا۔ اور جب اسم باری تعالیٰ کے اعداد کے مطابق پڑھا جائے گا تو معنی اسم کے مطابق صفات الٰہی کا پرتو اس کی ذات پر ظاہر ہوگا۔ اور مؤکل مانوس ہی نہیں بلکہ اس کے تابع ہو جائے گا۔ جب اور جس کے حال کو معلوم کرنا ہوگا۔ اس پر منکشف ہو جائے گا اور جس جائز کام کو کہے گا انجام دے گا۔

۴۰۔ پانچواں طریقہ: باعتبار بنیان مفرد حروف اسمائے باری تعالیٰ کے ساتھ پڑھنے کے لیے مؤکل اپنے نام کے حرف مرکز یعنی پہلے حرف کی مناسبت کو ہر حالت میں محفوظ رکھنا ضروری ہے ہاں یہ اختیار ہے کہ حرف مرکز کا مؤکل خواہ ظاہری ہو یا باطنی یا دونوں بہر حال یہ ضرور ہونا چاہیے آگے باعتبار اپنے نام مؤکل حرف محیط ظاہری و باطنی دونوں کو شامل کر کے پڑھے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔

Scanned by CamScanner

میرے نام کا حرفِ مرکز الف اور حرفِ محیط دال ہے۔

باعتبارِ مرکز	باعتبارِ مرکز	باعتبارِ محیط	باعتبارِ محیط
موکل باطنی	موکل ظاہری	موکل باطنی	موکل ظاہری
اجب یا سرافیل	یا آئیل بحق الف یا اللہ	اجب یا دردائیل	یادائیل بحق دال یادیان
۳۸۲	۴۲ ۶۶	۲۵۰	۴۶ ۶۵

اگر تسخیرِ موکلین کے لیے پڑھنا ہے تو اعدادِ موکلان ۳۸۲۔ ۴۲۔ ۲۵۰۔ ۴۶ جمع کر کے ۲۰۷ بار ۴۰ دن پڑھ کر ۶۱ بار تا حیات ورد رکھنا ہوگا اور اگر صفاتِ الٰہی کے پرتو سے اپنی ذات کو عزت بخشنی ہے تو اسمائے الٰہی کے اعداد کے مطابق چالیس یوم پڑھنا ہوگا۔ یعنی ۶۶ + ۶۵۔ مجموعہ ان کا ۱۳۱ ہوا۔ بعد ۴۰ یوم کے کل حروف کی تعداد کے مطابق ۶۱ بار تا حیات ورد جاری رکھنا ہے۔

اس فقیر نے ہر بات اپنے امکان بھر سمجھانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ اس پر بھی اگر سمجھ میں نہ آئے تو خط کے ذریعے سمجھانا میرے بس کی بات نہیں، کیونکہ میرے ذمہ بہت کام ہیں۔ جن کا تعلق دینی خدمات سے ہے۔ البتہ اگر کوئی صاحب خود تشریف لے آئیں تو فقیر ان کی خدمت کے لیے ہمہ وقت حاضر ہے۔

۴۱۔ سرع یعنی مرگی کا مجرب المجرب نقش اور ایک خاص غلط فہمی کا ازالہ

سرع، مرگی کا بڑا موذی مرض ہے۔ اس سے نجات کے لیے ہر ممکن تدابیر اختیار کرنے پر بھی کماحقہٗ کامیابی نہیں ہوتی مگر آپ یقین رکھیں کہ اس نقشِ معظم کی برکت سے انشاء المولیٰ الکریم مکمل شفا ہوگی۔

ترکیب: ہفتہ یا منگل کے روز سفید مرغ کے خون سے یہ نقش کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں پہنا دیا جائے۔

غلط فہمی کا ازالہ

ناظرینِ کرام! یہ نقشِ معظم شبستان رضا حصہ دوم میں برسوں پہلے دیا جا چکا ہے۔ مگر اکثر احباب اس سے مستفیض ہونے کی بجائے یہ اعتراض کرنے لگے ہیں کہ (خون حرام ہے) کم سے کم انہیں یہ تو غور کرنا چاہیے تھا کہ جانور کو ذبح کرنے سے جو خون نکلے گا وہ فوراً جم جائے گا۔ قلم ڈبو کر اتنا بڑا نقش لکھنا تو درکنار ایک حرف بھی نہیں لکھا جا سکتا تو یہ دریافت کرتے کہ اس سے کون سا خون مراد ہے تو

Scanned by CamScanner

سنیے اللہ عزوجل نے ہمارے لیے حلال جانوروں کے دو منجمد خون حلال فرمائے ہیں تلی اور کلیجی۔ بس ان کو کسی سخت چیز سے دبا کر نچوڑ لیا جائے اور اسی سے یہ نقش لکھا جائے۔

نوٹ: عوام کی آسانی کے لیے ارادہ ہے کہ اس کو چھپوا لیا جائے تا کہ عوام الناس دیگر نقوش کی طرح اس کو بھی منگا کر فائدہ اٹھا سکیں۔ بہتر ہوگا کہ کندہ شدہ نقش مرگی کے ہمراہ اس کو بھی منگا کر موم جامہ کر کے گلے میں پہنا دیں اور بعد صحت حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حضور سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز دلا دیں۔



دربیان طلسمات

واسطے دفع احتلام کے روز سہ شنبہ یعنی منگل کے دن جو فوت ہوا ہو تو اس شخص کی تربت سے ایک مٹھی بھر مٹی لاوے اور جس گھر کے آدمی سوتے ہوں اس گھر میں اگر وہ مٹی ڈالے تو وہ آدمی اسی طرح سوتے رہیں گے۔

نوع دیگر واسطے احتلام کے جو کوئی سورۂ نوح کو ہر رات سوتے وقت پڑھا کرے گا احتلام سے بچا رہے گا۔

نوع دیگر جو بھنگرا کہ قبر کے اوپر اگا ہوا سے یکشنبہ یعنی اتوار کے روز اکھاڑے اور جڑ اس کی ازار بند میں باندھے محتلم نہیں ہوگا۔

نوع دیگر سورۂ قل اعوذ برب الناس سوتے وقت پڑھے پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرے محتلم نہیں ہوگا۔

نوع دیگر جاڑے جانے کے اندر ایک پتھر ملا کرتا ہے جس کا کچھ برابر نشان نسخہ اصل میں تحریر نہیں تھا اصل کی نقل لکھا ہے کہ جو کوئی اس پتھر کو اپنے ساتھ رکھے گا محتلم نہیں ہوگا۔

نوع دیگر اگر باگھ کی دم کے بال کو بن کر ازار بند بنائے اور شوال کے مہینہ میں اس کو نیفہ میں ڈال کر پہنا کرے جب تک وہ اس کے پاس رہے گا ہرگز محتلم نہیں ہوگا

نوع دیگر یکشنبہ یعنی اتوار کے دن سفید آکھ کی جڑ جب تک کہ چھاؤں اس کی نہ پھرے یعنی صبح کے وقت سے اکھاڑے اور ازار بند میں باندھے اگر ممکن ہوئے تو اس جڑ کا ازار بند بنا دے جب تک اس کے ساتھ ہوگا ہرگز محتلم نہ ہوگا۔

طلسمات۔ طلسم چراغ کا۔ علاج چراغ ہوا اور پروانے سے نہ بجھنے کے لئے اگر نمک سنگ جلتے ہوئے چراغ کے اندر ڈالے تو ہوا اس چراغ کو نہ بجھا سکے اور دفع پروانے کے لیے علاج ہے کہ شمع روشن کرکے ایک ساعت بھر تابش آفتاب میں رکھے پھر اسی طور جلتے ہوئے گھر میں لے جاوے اور رکھے کوئی پروانہ اس کے گرد نہ پھرے گا اور لتول دودے

چراغ جو اس چراغ سے روشن کیے جائیں گے وہ چراغاں یہی حکم رکھتے ہیں۔

طلسم چراغ سانپ کی کینچلی کو لاکے اس کی چار بتیاں بنا دے اور ہر ایک کو گھر کے چاروں کونوں گھر میں رکھے اور روشن کرے وہ گھر سانپوں سے بھرا نظر آوے گا۔

طلسم۔ اگر چاہے کہ چراغ آپ ایک دوسرے کے ساتھ لڑائی کریں تو چاہیئے کہ ایک چراغ میں چربی گرگ اور دوسرے چراغ میں چربی بکری کی ڈالے اور دونوں چراغوں کو ایک گز کے فاصلے سے رکھ کر روشن کرے وہ چراغان آپس میں اُلجھ کے لڑائی کریں گے۔

طلسم۔ لاوے دیو چہ آبی اور لال کپڑے میں ڈال کے بتی بنا دے اور چراغ میں جلاوے جو کوئی اس گھر میں آوے گا ایسا نظر آوے گا جیسے کوئی ننگا کھڑا ہے۔

طلسم چربی گرگ اور چربی مچھلی کی ایک جگہ ملا کے چراغ میں جلا دے تمام گھر پانی سے بھرا ہوا نظر آوے گا۔

طلسم واسطے غرق نہ ہونے کے پانی میں جس کسی کو غرق ہونے کا پانی میں یا کہ جل جانے کا آگ میں خوف ہو تو اس دعا شریف کو پڑھا کرے۔ اور اپنے اوپر دم کیا کرے اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ○ وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا۔

طلسم واسطے غرق نہ ہونے کے پانی میں۔ اگر رنگ کالی کتیا کا دودھ لا کے، اس کا دہی بنا دے اور اس میں سے مسکہ نکالے جو کوئی اس مسکہ مذکور کو تلوؤں پر پاؤں کے اور تمام پاؤں پر ملے اور اونٹ کے چمڑے کی جوتیاں پہنے جس قدر پانی میں جائے گا غرق نہیں ہوگا بلکہ پیرنے والا اس کے آگے تھک جائے گا۔ مجرب ہے۔

طلسم واسطے اگنے درخت کنیر کے۔ بال اور پوستادہ گاؤ کا زمین میں گاڑے اور ہر روز اس کو پانی دیا کرے اس جگہ سے کنیر کا جھاڑا اُگے گا۔

طلسم گوبر مادہ گاؤ کا کہ کہنہ یعنی پرانا ہوا سے مٹی میں گاڑے اور ہر روز ایک مدت تک پانی دیا کرے باذن اللہ تعالیٰ اس جگہ نیلوفر کا جھاڑ اُگے گا۔

طلسم سینگ مادہ گاؤ کا زمین میں گاڑے اور پانی دیا کرے اس جگہ نیزہ کے باس کا جھاڑ

Scanned by CamScanner

نکلے گا۔

طلسم۔ بھنگ کو پانی میں پیس کر تھوڑا سا شہد اس میں ملاوے اور گیہوں اور چاول اس میں پکاوے ایک شب اور ایک دن اسی طرح رکھے بعد اس کے سکھا کر کسی جگہ پر ڈال دے جو پرندہ اس کو کھائے گا بیہوش ہو جائے گا۔ جب گائے کا گھی اور دودھ ان دونوں کو ایک جگہ ملا کے کھلائے گا تب اچھا ہوگا ہوش میں آوے گا۔

طلسم جامع العلوم امام فخر رازی رحمۃ اللہ علیہ میں مسطور ہے کہ اگر چاہے تو ہوا کے مرغوں کو صید کرے یعنی پکڑے ساتھ بے مشقت کے تو لے تھوڑے سے گیہوں اور تھوڑا گندھک پیلا اور اس گیہوں کو اس گندھک میں جوش دیوے اور پھر وہ گیہوں مرغوں کے آگے ڈالے جاویں تاکہ اُسے وہ پرندے کھاویں اس کے کھانے کے بعد ایک ساعت صبر کریں تاکہ وہ پرندے بے ہوش ہو جاویں ہاتھوں سے پکڑے جاویں۔

طلسم۔ کئی دانے جوز القی کو پیس کر پانی میں ڈالے تمام مچھلیاں اوپر پانی کے آویں گی اس طرح کہ ہاتھوں سے پکڑی جاویں گی۔

طلسم۔ حجر لعل پیس کر منقر اس کا نکلے اور پانی سے پیس کر اوپر کھڑاؤں کے کہ جس پر کھونٹی یا چمڑا نہ لگا ہو اس پر ملے اور پاؤں کو دھو کر اس جوتی یا کھڑاؤں کو جس پر دوا لگی ہے پہنے اور چلے کہ پاؤں سے جُدا نہ ہوں گے۔

طلسم خراطین جسے کینڈل کہتے ہیں اس کی چربی نکال کے اس چربی کا دھواں لے کے سیاہی بناوے جو کچھ اس سیاہی سے لکھا جاوے گا وہ لکھا ہوا رات کو بغیر چراغ کے پڑھا جاوے گا۔

طلسم۔ در رنیخ طبقی کو گھس کر باریک تنگ دہن شیشہ میں ڈالے اور مقطر سرکہ یعنی بوند بوند سرکہ لیا ہوا اس شیشہ میں بھرے اور کسی اندھیری جگہ میں لے جا کے رکھے بغیر چراغ کے روشنائی ہوگی۔

طلسم۔ کاغذ سے کڑھاں بناوے اور تل کا تیل اس میں بھرے اور آگ کے اوپر رکھے اور جو چیز چاہے پکاوے کاغذ نہیں جلے گا۔

طلسم جس مقام پر عورت کے منہ پر خال سیاہ یعنی کالا تل ہوگا اسی مقام پر اندام نہانی میں عورت کے یعنی چھپے مکان میں بھی تل کا دانہ ہوگا۔

طلسم جو پتا کر بگولے میں ہوا کے ساتھ اوپر جاتا ہے جو کوئی اس کو اسی حالت میں اپنے دانتوں سے پکڑے گا اور ساتھ لپٹک خوک کمر میں باندھے گا تو اڑھائی من کھانا کھاوے گا۔

طلسم یہ وزیر خاں گوالیاری سے پہنچے ہیں زبان زاغ سیاہ کو درست وخشک کرے اور پیسے جس کو کھلاوے عاشق ہو۔ مجرب ہے۔

طلسم اُگنے پودوں کے۔ اگر روغن گاؤ سے تخم انگور اور خربزہ و بادرنگ وخیار وغیرہ کو تر کرکے زمین میں بووے فی الحال پودے اُگے اور پھول نکلیں اور پھل لاوے۔

طلسم روشنی بے چراغ۔ جو گندھک کو باریک پیس کر سرکہ خالص میں ملا کر شیشے میں رکھے رات کو روشنی ہووے۔

طلسم اگر مردار سنگ کو پانی میں تنگ کرکے اوپر منہ کے ملے تو منہ سیاہ ہو جاوے۔

طلسم۔ اگر زہر طاؤس کا کسی کو کھلاوے دیوانہ ہو جاوے۔

طلسم۔ لاوے خراطین اور باریک پیس کے اور جامہ سرخ مصفا میں لپیٹ کر فتیلہ کرے اور چراغ جلاوے جو کوئی اس روشنی میں آوے کپڑے اپنے دور کرے برہنہ ہو جاوے۔

طلسم واسطے معلوم کرنے راز دل عورت کے۔ لاوے دندان فیل اور روغن زیت میں رکھے بوقت حاجت روغن زیتون کو اوپر قضیب کے طلا کرے اور عورت سے مجامعت کرے خواب میں راز دل کا کہے۔

طلسم لاوے بیر بہوٹی اور اس کو پیس کر روئی میں لپیٹ کر روغن گائے سرخ میں فتیلہ کرکے چراغ میں جلاوے اور گھر میں رکھے تمام لباس مخمل سرخ کا دیکھے گا۔

طلسم واسطے معلوم کرنے راز دل عورت کے اگر زبان مینڈک کی کپڑے کتان سفید میں لپیٹ کر اوپر سینہ عورت کے رکھے جو کچھ اس نے دل میں کیا ہوگا کہہ دے گی۔

طلسم۔ لاوے ایک چوب بید انجیر کی اور اس سے مادہ سگ کو مارے بعدہٗ اس لکڑی کو جلاوے اور غلولہ بنا دے جس کسی کو مارے محبت سے مانند سگ در پر اس کے پھرے گی۔

طلسم۔ لاوے تخم سوسن اور کاسۂ سیاہ میں بو دے اور پانی دیوے کر اُگے اور پختہ ہووے بعد اس کے پوست کا ریسمان کرے اگر گردن گوسفند میں باندھے وہ خلق اللہ کی نظر میں سگ

Scanned by CamScanner

دکھلائی دے گا۔

طلسم محبت کا جس جگہ ہندوؤں کو جلاتے ہیں خاکستر وہاں کی یکشنبہ کے دن لاوے اور لعاب منہ اور آب منی ہر سہ کو ایک جگہ کرے اور نگاہ رکھے اور ایک ذرہ اوپر دامن جس کسی کے ملے عاشق و مبتلا ہووے۔

طلسم محبت کا۔ لاوے خاکستر چولہے کی اور تلخہ طاؤس اور تاج ہدہد ان تینوں کو ساتھ آب منی کے یکجا کرے اور نگاہ رکھے اگر ذرہ اس کو اوپر بدن اور پارچہ جس عورت کے ڈالے عاشق ہووے۔

طلسم واسطے عداوت کے لاوے کپڑا اس شخص کا اور خون بوم میں تر کرکے شب یکشنبہ کو جلاوے اور روز آدینہ اس کے سر پر ڈالے درمیان دونوں کے عداوت تا قیامت پڑے۔

طلسم لاوے برگ و شاخ و بیخ ارنی واکھ شب یکشنبہ کو با نمک دونوں کو ایک جگہ پیسے اور تھوڑا سا اوپر سر جن لوگوں کے ڈالے عداوت و جنگ ہووے۔

طلسم بیوے پر کلاغ اور بوم کے اور شب یکشنبہ میں جلاوے اور خاکستر اس کی جس پر ڈالے روز قیامت تک عداوت پڑے۔

نوع دیگر واسطے زبان بندی کے لاوے چشم و پوست بوم اور دونوں کا تعویذ بنا کر بازو پر باندھے کوئی ظالم و حاکم اس پر ظلم نہیں کر سکتا۔ آزمودہ و مجرب ہے۔

نوع دیگر واسطے خواب بندی و محبت کے۔ لاوے خون ہدہد اور ایک خراطین خشک اور سر باخہ کا ان ہر سہ کو ایک جگہ کو مخلوط کرکے فتیلہ کرے اور آدھی رات کے وقت چراغ میں جلاوے فی الحال مطلوبہ آگے آوے۔

نوع دیگر واسطے باندھنے عورت بدکارہ کے لاوے ایکدام کافور اور چھ دانے شلغم کے پیس کر اوپر قضیب کے طلا کرے عورت بندھ جاوے۔

نوع دیگر واسطے کشادہ کرنے مرد بستہ کے لاوے بیج بھنگرہ یکتا فنس اور دونوں کو روغن تلخ میں ملا کر اوپر قضیب کے طلا کرے بکرم اللہ تعالیٰ کشادہ ہوگا۔

نوع دیگر آگے امراء و ملوک وغیرہ کے جاوے لائے بیخ کالنفرو تاج ہدہد شب یکشنبہ کو اور اپنے پاس رکھے معزز و مکرم ہووے۔

نوع دیگر لادے بیج آکھ اور بیج کا لُفر اور تاج ہدہد اور تعویذ کر کے اپنے بازو پر باندھے اور صف دشمن میں جاوے بے خوف ہووے۔

نوع دیگر لادے بھونرا سیاہ کہ داغ سیاہ نہ ہووے ساتھ سُرمہ کے ایک جا پیسے اور پارچہ سفید میں لپیٹ کر فتیلہ بنا دے اور چراغ روشن کر کے کاجل پارے اور نگاہ رکھے اور آنکھ میں کھینچے جو کوئی اس کو دیکھے وہ عاشق ہووے۔

نوع دیگر اگر زبان سگ کی اپنی نعلین میں رکھے کتے اس پر نہ بھونکیں۔

نوع دیگر لادے زہرہ خرگوش کا اور روغن میں جوش کرے پھر اس روغن سے تھوڑا اپنے منہ پر ملے اور آگے کسی کے جاوے معزز و مکرم ہو اور حاجت اس کی روا ہو۔

نوع دیگر واسطے محبت کے۔ اس عزیمت کو اوپر پارچہ ہائے نان کے لکھے اور جس پر ڈالے محبت ہو فلاں بن فلاں فلاں بن فلاں مردود حدسر۔



عمل عداوت اوپر کچے کوزے کے اکتالیس بار سورہ یٰسٓ پڑھے اور اس کوزے کو دو شخص کے بیچ میں توڑے کہ ان دونوں میں دشمنی پیدا ہو جائے گی دوستی ٹوٹ جائے گی بہت مجرب و آزمودہ ہے۔

حصار بر وقت کوئی نہایت سخت و مشکل کام کے جو تجھ پر واقع ہو تو چاہیے کہ اوّل و آخر میں درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اس حصار کو ایک بار پڑھے اور رُخ طرف قبلہ کے کر کے اور پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے وہ حصار یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آیۃ الکرسی دل قرآن آپ چیلے تو رحمان ہلکے ہلکے سات آسمان ساتوں کے لیے ایک دربان پاؤں رکھے جبرائیل علیہ السلام دھڑ رکھے رحمان کمر رکھے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سر رکھے سبحان وجود موجود بارگاہ رسول چھلا کرے چھلاوہ کرے جادو کرے جو جو کرے سو مرے اُلٹ پھیر اس کا اسی پر پڑے سب ملے حضرت محمد مصطفیٰ نہ ملے بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مگر جس کام کے واسطے چاہے کرے وہ کام ایسا ہو کہ کسی سے نہ بن پڑتا ہو تو اس وقت غسل کرے اور

Scanned by CamScanner

یہ حصار پڑھنے بیٹھے ہر کام کے واسطے بہت مجرب ہے ولیکن ایک سو بار پڑھے۔

نوع دیگر تدبیر مہم۔ منقول ہے کہ جس کو کوئی مہم درپیش آوے اور اس کی تدبیر سے حیران ہووے روز پنجشنبہ یا جمعہ یا پیر کی رات کو ان سات شکلوں کو اوپر سات پارہ کاغذ کے لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھے اور درود پڑھتے ہوئے سو جاوے البتہ اس کام کے احوال اور اس کی حقیقت سے بخوبی واقف مخبر ہوگا اور اس کی تدبیر بیان کی جاوے گی کلمات مذکور یہ ہیں

مہا سہا لمعہا الہما الیما عطوہا المنطولا

نوع دیگر واسطے دھار بندی شمشیر کے یہ تعویذیں بہت مؤثر ہیں چاہیئے کہ چہار شنبہ کے دن پہلی ساعت میں طلوع آفتاب کے وقت جاوے پانی پر مگر آب رواں ہووے یا حوض کے اندر بیٹھے یا کھڑا ہو اور اوپر اس کاغذ کے اس طلسم معظم کو لکھے مگر بر وقت لکھنے کے سوا سیر مٹھائی لڑکوں کو بانٹے اور لکھے تعویذ کو اوپر بازو کے باندھے تلوار کی دھار اس پر کارگر نہ ہوگی مجرب ہے دونوں تعویذ شریف مکرم و معظم یہ ہیں۔

٨٠٠٨٣٤٠٤٠٦٢٢٣٣٠٨٠٢١٢٠١٣٠٤٠١٥٥٥٥٥٥٥٥

٨٠٠٨٢٤٠٤٠٦٢٢٢٣٠٨٠٢١٢٠١٣٠٤٠١٥٥٥٥٥٥٥٥

الله ٥ط

٢٥ تور

١٨١ ٢٧١

جدول احکامِ معرفت اختلاجات اعضاء

اعضاء	جانب راست	جانب چپ	اعضاء	جانب راست	جانب چپ
تارک سر	رشوت	راحت	پشت چشم	غم	دولت
پس سر	خبر	سفر	زیر چشم	مال	غم
شقیقہ	اقبال و جاہ	جاہ	بینی	اندوہ	بشارت
ابرو	جاہ	فرح	لب	خبر	مال
دہن	بدحالی	حرص	پشت	بشارت	صحت
زنخداں	اندیشہ	دولت	پہلو	عزت	زحمت
گوش	ہجرت	صحت	ذکر	حرمت	فرزند
گردن	حرمت	احتراز	خصیہ	غنیمت	سفر
دست	اقبال	مال	مقعد	مرض	اندوہ
انگشتان	مال	سفر	ران	حرمت	ظفر
کف دست	فرح	ایمنی	زانو	خصومت	نصرت
سینہ	سفر	راحت	ساق	جاہ	عزت
پستان	جاہ	اندوہ	پا	ہدیہ	اقبال
ناف	راحت	سفر	انگشتان	سفر	خبر
شکم	دولت	بیماری	کف	پیوند	علت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

لوجع الضرس یدق صاحبہ ھذا الشکل بالمسمار فی اوّل الطاء ولیصبر زمانا فان سکن والاحولھا الی الطاء الثانی وھکذا مجرب انہ یسکن فی الثالث مجرب نافع جدا انشاء اللہ تعالیٰ والامۃ تضرب بہ حدیدا وفی حال الضرب یکون متوجھا الی القبلۃ

طب طاب طط لبطط مدطب طط۔

نہ داڑھ کے درد کے واسطے ایک کیل لوہے کی لے کر طب طاب الخ کے پہلے ط پر گاڑے اور تھوڑی دیر توقف کرے اگر
بقیہ اگلے صفحہ پر

شگون عطسہ بعد از زوال کے معکوس ہووے



خواص آواز زاغ

صبح تا شام اگر کسی وقت زاغ بفاصلہ بیس گز کے بولے اور اس کا خواص دریافت کرنا منظور ہو تو اٹھ کر اپنا سایہ بشمار برابر دونوں پیروں کے ناپے جس قدر سایہ شمار کیا جاوے تیرہ عدد اس میں اور شامل کر کے سات پر طرح دے بقیہ اعداد کو نقشہ ذیل سے دیکھ کر خواص معلوم کرے اگر بیس گز سے زیادہ فاصلہ پر کوا بولے تو اس کا کچھ اعتبار نہیں

اعداد نقشہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
خواص	+	مہمان وارد ہو	کسی کام کے بابت گفتگو ہو	بیکار ہو	کمینہ سے ملاقات ہو	+	[illegible]

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۱۰) درد جاتا رہے تو خیر اور نہ دوسرے طرف پر کیل گاڑے اس طرح تیسرے چوتھے پر انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مگر قبلہ رو ہو کر بیٹھے ۱۲ سید جعفر علی مصحح۔

خواص آواز مرغ اگر بے ہنگام رات کو مرغ بولے تو خواص اس کا ذیل سے دیکھو جو مرغ اکثر پہر رات کے بعد آواز دے تو وہ خبر معتبر ہے۔

وقت	شب یکشنبہ	شب دوشنبہ	شب سہ شنبہ	شب چہار شنبہ	شب پنجشنبہ	شب جمعہ	شب شنبہ
خواص	منجملہ مردمان خانہ کوئی وفات پائے یا کچھ نقصان ہو۔	کچھ فائدہ ہو	خوشی حاصل ہو	عورت و مرد میں تکرار ہو	مقصد براری ہو۔ دوست ملے۔	کچھ فائدہ یا خوشی حاصل ہو	کوئی مہمان وارد ہو

خواص ہالہ آفتاب و ماہتاب اگر حلقہ گرد آفتاب یا ماہتاب کے اول پہر میں نمایاں ہو تو امراض سے آدمیوں کو تکلیف پہنچے بلکہ اکثر مر جائیں اور دوسرے پہر میں نمایاں ہو تو بارش وقت پر میسر ہو اور تیسرے پہر میں ہو تو قلت بارش سے زراعت میں نقصان ہو اور چوتھے پہر میں ہو تو آثار عزل و نصب حاکم وقت کے نمایاں ہوں اگر رنگ ہالہ سفیدی مائل زیادہ ہو تو امید بارش بخوبی ہو و زیادتی رنگ زرد و سرخ علامت زرد نقصان ہے و زیادتی رنگ سیاہ علامت مرگ خلائق و زیاں ہے بس جب تک کہ دوبارہ ہالہ نہ ظاہر ہو یہی رنگ رہیں گے اور خواص ہالہ آفتاب و ماہتاب دونوں کا یکساں سمجھنا چاہیے

خواص قوس قزح اگر سبزی قوس میں زیادہ ہو تو آثار ارزانی اور سرخی زیادہ ہو تو گرانی اگر نیلاہٹ و زردی زیادہ ہو تو علامت بیماری خلائق کی ہے۔

خواص زلزلہ اگر چھ بجے شام سے بارہ بجے تک کسی وقت زلزلہ پیدا ہو رات کو تو اندر سال کے کہ ماہ بیساکھ کی سنکرانت سے شروع ہوتا ہے غلہ ارزاں رہے اور عورتیں بیمار ہو کر زیادہ مریں اور اگر بارہ بجے رات سے چھ بجے تک زلزلہ ہو تو غلہ اس سال میں گراں مگر چاول ارزاں رہیں اور لڑکے بہت مریں اگر چھ بجے صبح سے نو بجے تک زلزلہ آوے تو اس سال میں نہایت قحط نمایاں ہو اور خلق اللہ ادارہ و پریشان رہے اگر نو بجے دن سے بارہ بجے تک زلزلہ آوے تو اندر اس سال کے غلہ بہت پیدا ہو مگر گائے و بیل و بکری زیادہ مریں اگر بارہ بجے دن تا غروب آفتاب زلزلہ آوے تو اس سال میں ہر ایک چیز ارزاں رہے مگر باہم تکرار و فساد برپا رہے۔

Scanned by CamScanner

خواص روشن ہونے وگرنے گل چراغ بتقید ماہ واضح ہو کہ اکثر اوقات چراغ سے گل گرتے ہیں اور روشنی چراغ کی پژمردہ ہو کر یکایک روشن ہوتی ہے خواص دونوں کے موافق ہر ماہ کے جداگانہ مطابق عقیدہ اہل ہنود کے نقشہ ذیل میں لکھے جاتے ہیں ۔

	خواص گل گرنے چراغ میں	خواص روشن ہونے چراغ میں
بیساکھ	فکر ہو	دولت نصیب ہو
جیٹھ	خوشی ہو	خوشی ہو
اساڑھ	دولت ملے	رنج ہو
ساون	خوشی ملے	فائدہ ہو
بھادوں	دولت کثیر ملے	مرتبہ زیادہ ہو
کنوار	تکلیف ہو	خوشنودی ہو
کاتک	آسائش ہو	خوشخبری ملے
اگھن	ترقی ہو	فائدہ ہو
پوس	رنج ہو	بلند مرتبہ ملے
ماگھ	دشمنی پیدا ہو	علم حاصل ہو
پھاگن	سفر در پیش ہو	خوشی ہو
چیت	حاکم یا افسر سے دل کچھ حاصل ہو	سفر کرنا پڑے

خواص عطسہ واضح ہو کہ مابین مباحثہ کرنے و خیرات بانٹنے و سونے و بیٹھنے و کھانے و کپڑا پہننے کے چھینک ہو یا داہنی طرف یا جانب پشت کے چھینک ہووے تو اس کا ثمرہ بہتر ہے ۔ علاوہ اگر کسی کو بباعث زکام یا ناک میں بتی رکھنے سے چھینک آدے تو اس کا خواص کچھ نہیں ہے اور اگر بروقت روانگی یا قصد کسی کام کے آواز چھینک کی سنائی دے تو خواص اس کا نقشہ ذیل سے دیکھے ۔ اگر ناقص ہو تو تھوڑی دیر کے بعد وہ کام کرے یا روانہ ہو اگر اچھا ہو تو اسی وقت جاوے نقشہ خواص عطسہ یہ ہے ۔

یوم	پورب	ایسان	اوتر	بائب	پچھم	نیرت	دکھن	اگن کون
جمعہ	مقصد برآری ہو	مال میں نفع ہو	انصرام کام ہو	نقصان ہو	رنج ہو	کام بخوبی انجام ہو	دوست کی آوری حاصل ہو	کچھ نقصان ہو
